



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسہم

سلسلہ عالیہ احمدیہ کا سب سے پہلا اور مشہور و معروف اخبار ہر مہینے کی ۲، ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۸، ۲۲، ۲۶، ۳۰ تاریخ کو قادیان دارالامان سے شائع ہوتا ہے۔

# الحکم

ایڈیٹر شیخ یعقوب علی تراب احمدی

چہ گویم با تو گر آئی چہ در قادیان بینی
دوا بینی شفا بینی غرض دار الامان بینی

رجسٹرڈ ایل نمبر ۷۷

قیمت پیشگی سالانہ

۱ - عوام سے ۵ر
۲ - خواص و معاونین سے ۱۰ر
۳ - ہندوستان سے باہر ۷ر
۴ - غیر مذاہب والوں سے ۱۲ر
۵ - اپنی جماعت کے غیر مستطیع دس روپے سے کم آمدنی والے لوگوں سے ۳ر

نوٹ

ایک روپیہ کا سالانہ اضافہ مندرجہ بالا قیمتوں میں ڈبل اشاعت کی وجہ سے کیا گیا ہے۔

نمبر ۳۹ | قادیان دارالامان مورخہ ۱۸ جون سنہ ۱۹۰۸ء مطابق ۱۸ جمادی الاول سنہ ۱۳۲۶ ہجری | جلد ۱۲


## ہمارا فرض اسوقت کیا ہونا چاہئیے

میں اپنے پہلے آرٹیکل میں کسیقدر اشارہ کر چکا ہوں کہ ہمارا فرض کیا ہے لیکن آج کسیقدر اور صراحت کرتا ہوں۔ امید ہے کہ احمدی احباب ان سطور کو توجہ سے پڑھینگے ایمان کی شناخت اور امتحان کا وقت وہ وقت ہوتا ہے۔ جب انسان کسی ابتلاء عظیم میں ڈالا جاوے۔ اسوقت اگر وہ اس ابتلاء سے نکلنے کے لئے ایسے حیلے اور طریقے اختیار کرتا ہے جو اسکو خدا تعالیٰ سے دور لیجاتے ہیں تو سمجھ لو کہ یہ ضعیف ایمان کی وجہ سے ہے لیکن اگر وہ پورے استقلال اور ہمت بلند سے اس ابتلا کا مقابلہ کرتا ہے اور خدا تعالےٰ کی رضا کے ساتھ پوری مصالحت اور مسالمت کا نمونہ دکہاتا ہے۔ تو یقین کر لینا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اسے اطمینان قلب عطا کر دیا ہے جو ایمان باللہ کا اصل نتیجہ ہے۔

کسی قوم پر اس سے بڑہکر کیا ابتلا ہو سکتا ہے۔ کہ اس کا امام اور ہادی اس دنیا سے ایسے وقت اٹھایا جاوے۔ جبکہ وہ قوم ابھی منزل مقصود پر نہ پہنچی ہو۔ اور بظاہر منزل ابھی دور اور کٹھن ہے ایسی حالت اور صورت میں اگر وہ قوم اپنے استقلال اور ہمت بلند کا نمونہ دکہاتی ہے تو یہ اس امام اور ہادی کی سچائی پر ایک ایسی دلیل ہوتی ہے جو اس وفات پر کہل جاتی ہے۔

یہ وقت گہبرانے کا نہیں ہوتا بلکہ خدا تعالیٰ کے قرب کے حصول کے لئے ایک موقع ہوتا ہے۔ اور دانشمند اور دور اندیش ہرگز اسکو ہاتھ سے نہیں دیتا۔ یہی وقت ہم پر آیا ہے لیکن اگر اسوقت کو ہمنے مفید نہ بنایا۔ اور اب بہی کچہہ نہ پایا۔ تو سمجھو کہ پھر بڑے خوف کا مقام ہے۔ یہ وقت ہے کہ ہم اسے غنیمت سمجھیں اور اس سے وہ فائدہ حاصل کریں۔ جو اللہ تعالیٰ نے اس سے ارادہ فرمایا ہے۔ اسلئے سب سے اول تو ہمیں

### قدرت ثانیہ کے نزول اور ظہور

کے لئے دل سے دعائیں کرنی چاہئیں جسکی وصیت حضرت امام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمائی ہے اور جسکو پورا کرنیکے لئے حضرت خلیفۃ المسیح نے اعلان فرمایا ہے۔ ایسی مشکلات کے وقت دعاؤں سے وہ کام نکلتا ہے جسکو کوئی تدبیر اور عقل نہیں کر سکتی۔ ہمارے امام علیہ الصلوٰۃ والسلام تو

### دعاؤں ہی کے حربہ

کو لیکر آئے تھے اس ہتھیار کو مضبوط پکڑو۔ یہی تمہارے لئے ہر میدان میں فتح کا موجب ہوگا۔

ہاں دعاؤں کے سلسلہ میں بہی عزم بالجزم اور نہ گھبرانے والی ہمت کی حاجت ہے اور دعا کے نتیجہ کے جلدی ظاہر نہ ہونے پر ہمت نہیں ہارنی چاہیئے۔ اور نہ مایوس ہونا چاہیئے اس لئے کہ

### خدا سے مایوس ہونا کا فر و نکا شیوہ ہے

کیا تم نہیں جانتے وہ نور مسیحا جو دعائے خلیل کا نتیجہ ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا سے

### تین ہزار برس بعد ظاہر ہوئی

پس سب سے پہلا کام تو یہ ہے کہ ہم دعاؤں میں لگیں اور دل لگا کر اور الگ الگ گہروں میں اور باہر بہی دعائیں کرتے رہیں۔ اسکے بعد جو ضروری اور اہم فرض ہمارے ذمہ ہے وہ

### حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مقاصد کی تکمیل ہے

جس کام کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمایا تھا اور محض اپنے فضل سے اسنے ہم سب کو اسکا جوارح بنایا ہے اسکی تکمیل کے لئے پہلے سے زیادہ مستعد اور دلیر ہوکر ہمیں میدان میں آنا چاہیئے۔ حضرت مسیح موعود کی زندگی اور بعثت کی اصل غرض

### کسر صلیب ہے

اور اس سے مراد صلیبی مذہب کے فتنہ سے دنیا کو نجات دینا ہے۔ اس مذہب کے ذریعہ دنیا جس ہلاکت اور گمراہی کی غار میں گری ہے۔ وہ ایک نمایاں بات ہے یہی جسطرح پر حضور علیہ السلام شبانہ روز اس باطل کو مٹانے کیلئے آمادہ رہے۔ ہمارا فرض ہے کہ

### خلیفۃ المسیح کی لوا کے نیچے اس میدان میں جمع ہوں

اور جن جن راہوں سے یہ باطل اپنا سر نکالتا ہے اور ناسور بن بن کر یہ نکلتا ہے۔ انہیں راہوں سے اسکا سر کچلیں اور اسے بند کریں اس مقصد کے لئے ہمیں کسی نئے ہتیار یا حربہ کی حاجت نہیں خدا تعالیٰ کا برگزیدہ بندہ جو دنیا میں مسیح موعود کے نام سے آیا۔

### ایک گہر اٹھا یا حربہ

ہمارے ہاتھ میں دے گیا ہے۔ یہ ہتیار نہ کند ہونے والا ہے اور نہ ٹوٹنے والا۔ اسکی ادنیٰ صفت یہ ہے۔ کہ مخالف دیکھتے ہی بھاگ جاتا ہے بس اس سے ہمیں کام لینا چاہیئے۔ اور یہ وہ علم کلام ہے کہ حضرت مسیح موعود نے

پیش کیا ہے :-

چونکہ ہر شخص کا یہ کام نہیں کہ وہ میدان مناظرہ میں آئے اور اس کام کو مستقل اور بااثر بنانے کے لیے حضرت مسیح موعود کی زندگی ہی میں اشاعت اسلام کا سلسلہ جاری کیا گیا تھا۔ جو اب تک اسی طرح جاری ہے اسلئے ہم میں کہ ہر ایک کا فرض ہے کہ اسی سلسلہ کی اعانت کے لئے پہلے سے زیادہ جوش اور سرگرمی کے ساتھ تہیہ کریں۔ تاکہ مستقل ماہوار رسالے کے علاوہ بعض ضروری اور دقیق مضامین پر خاص پمفلٹ شایع ہو سکیں :-

اسی طرح پر آیندہ نسلوں کی حفاظت اور تعلیم اسلام کی خاطر مدرسہ تعلیم الاسلام جو ہے۔ جواب جیسا کہ آپکو معلوم ہے۔ ہائی سکول تک بنا ہوا ہے اسکو مضبوط بنیاد پر قائم رکھنے کے لئے ہم مستعد ہوں گریجویٹ اور ذی علم اپنی زندگیوں کے ایثار اور وقف سے اور دولتمند اپنے مالوں کے قربان کرنے سے اسکی اعانت کریں۔ اور جو بڑی بڑی رقمیں نہیں دے سکتے۔ وہ چھوٹی ہی رقم جو اس راہ میں دے سکتے ہیں دیں۔ اور اس کے ساتھ ہی دعاؤں سے کام لیں :-

ان ضروریات کے ساتھ بہت ہی اہم اور ضروری امر

## لنگر خانہ ہے

لنگرخانہ کی ضرورت اور اہمیت کا اس سے پتہ ملتا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اسکا اہتمام اپنے ہاتھ میں رکھا تھا۔ اور اب خلیفۃ المسیح کو اسکی طرف خاص توجہ ہے میرے اپنے ایمان میں لنگرخانہ حفاظت اسلام کی زبردست راہ ہے اور سیکرین اشاعت اسلام کا زبردست ذریعہ۔ اسلئے لنگرخانہ کی اعانت کے لئے بیش از بیش سعی کرنی چاہیے۔ پھر ایک بڑے پیمانہ پر ایک زمہ دینی کی ضرورت ہے اسکی سکیم زیر تجویز ہے۔ اور امید ہے کہ جلدی وہ پبلک میں آئے گی۔ غرض یہ کہ جن کاموں کو حضرت کی زندگی کا مقصد پورا کرنے کے لئے جاری کیا گیا تھا۔ ان کی تکمیل اور انہیں وسیع پیمانہ پر لیجانا اب ہمارا کام ہے۔ میں غلطی کرونگا۔ اگر اسکے ساتھ قومی اخبارات کی اعانت کے سوال کو چھوڑتا ہوں۔ اخبارات قوم کی بہت بڑی خدمت اور اندرونی اصلاح کا کام کر رہے ہیں اسلئے ان کی بنیاد مضبوط کرنیکے لئے تمہیں اپنے مالوں کو قربان کرنا چاہیئے۔

## غرض

اب وقت ہے کہ ہم دعاؤں سے کام لیں۔ ہمت بلند اور استقلال کا نمونہ بنیں اور اپنے مالوں کو سلسلہ کی اعانت کے لئے پہلے سے زیادہ دلیر ہو کر قربان کریں۔ خدا تعالیٰ خود تمہارا ناصر ہو اور وہ ان ضروریات کی اہمیت کا آپ تم کو علم دے :-

# ایک عظیم الشان جلسہ

بروز اتوار بتاریخ ۱۴۔ ماہ جون ۱۹۰۸ء

ٹھیک بوقت ۷ بجے صبح

جس میں پنجاب یونیورسٹی ہال متصل عجائب گھر میں وہ –

## پیغام صلح

پڑھا جاویگا

جو

اعلیحضرت والامناقب جناب

## مرزا غلام احمد قدس اللہ سرہ

نے اپنی زندگی کے آخری دو تین دنوں میں اس ملک سے نفاق اور پھوٹ کو دور کرنیکے لئے لکھا۔ اس مبارک پیغام کو سننے کیلئے بالخصوص ہندو معززین ملک میں اہل ہند میں امن اور صلح کے خواہان ضرور تشریف لاویں :-

الداعیان

خان بہادر محمد شفیع بیرسٹرایٹ لا۔ چوہدری شہاب الدین بی اے وکیل چیف کورٹ پنجاب۔ میاں فضل حسین بی۔ اے کیمبرج یونیورسٹی بیرسٹرایٹ لا۔ شیخ گلاب دین وکیل چیف کورٹ پنجاب۔ میاں محمد شاہنواز بی۔ اے کیمبرج یونیورسٹی بیرسٹرایٹ لا۔ مولوی احمد دین۔ بی۔ اے وکیل۔ شیخ فضل الٰہی بیرسٹرایٹ لا۔ مرزا جلال الدین بیرسٹرایٹ لا۔ شیخ محمد عبد العزیز بی۔ اے ایڈیٹر ابزرور لاہور۔ میاں عبد العزیز بیرسٹرایٹ لا

# ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح رضی اللہ عنہ

۲۔ جون ۱۹۰۸ء قبل عصر

آپ کی خدمت میں سوال کیا گیا۔ کہ خلیفہ اور مامور میں فرق کیا ہے؟ جسطرح مامور کی اقتدا اور اتباع کا حکم ہے اسی طرح خلیفہ کی بھی اطاعت اور فرمانبرداری کا حکم ہے۔ ان دونوں میں فرق کس بات کا ہے :-

## فرمایا

مامور کو اسکے کل امور میں خاص طور پر مکالمہ۔ مخاطبہ۔ اور کشوف اور رؤیائے صالحہ ہوتے ہیں اور کثرت سے ہوتے ہیں۔ اور اصل امور میں ذاتی اجتہاد کا بہت تھوڑا موقع دیا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ اسکا نطق بھی وحی خفی کے حکم میں ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی

## خلیفہ کا معاملہ اس کے برعکس

ہوتا ہے کیونکہ خلیفہ کو بہت حصہ انتظامی امور میں ذاتی اجتہاد سے کام کرنا پڑتا ہے۔ اور جس مامور یا مرسل کا وہ خلیفہ ہوتا ہے۔ اسکی اقتدار اور اتباع کی پابندی اسکے پیش نظر ہوتی ہے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا۔ کہ رؤیا صالحہ یا کشوف اور الہامات اسکو نہ ہوں۔ بلکہ بات یہ ہوتی ہے۔ کہ وہاں اجتہاد قلیل اور تائید بذریعہ وحی الہٰی کثرت سے ہوتی ہے اور یہاں وحی قلیل اور اجتہاد کثیر ہوتا ہے۔ ہاں خلیفہ کو کسی زمانہ میں رؤیا و کشوف و وحی ہوتی ہے۔ مگر پھر بھی خلیفہ اصل مامور کا متبع اور اس کی ہدایات کا پابند ہوتا ہے۔ مامور کی بعض پیشگوئیاں باقی ہوتی ہیں۔ ان کے پورا ہونیکے واسطے خلیفہ کا بھی ظہور ضروری ہوتا ہے۔ اور یہ خلفاء کا سلسلہ برابر جاری رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ تمام پیشگوئیاں پوری ہو جاتی ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس اصول کو قرآن شریف میں یوں فرمایا ہے۔ اما نرینک بعض الذی نعدھم او نتوفینک۔ اللہ تعالیٰ کی یہ ہمیشہ سے سنت ہے کہ انبیاء کی بعض پیشگوئیاں ان کی زندگی میں پوری ہوتی ہیں۔ اور بعض انکے بعد۔ ان کے خلفاء کے وقت میں پوری ہوتی ہیں۔ [illegible] مامور پر پوری ہوتی ہیں۔ انبیاء ہمیشہ پاک [illegible] پاک اور روحانی تبدیلی کے واسطے بعض روحوں کو مستعد کرکے اپنی تعلیمات کی تخم ریزی کرواتے ہیں۔ پھر ان کی حفاظت اور آبپاشی ان کے خلفاء کے زمانہ میں ہوتی ہے۔ تا بہت سی سعید روحوں کو خدمت دین کا اجر اور ثواب ملے :- فقط عبد الرحمٰن قادیانی سب ایڈیٹر

مطبع الانوار احمدیہ مشین پریس با ہتمام شیخ یعقوب علی تراب احمدی کے اہتمام سے چھپکر شائع ہوا

(۴) پیشگوئیوں کے متعلق اعتراض کرنا بھی سراسر حماقت ہے ذرا یہ تو بتاؤ کہ لاکھوں پیشگوئیاں جو آفتاب عالمتاب کی طرح اپنی صداقت کو ظاہر کر چکی ہیں۔ ان سے آپ نے کیا فائدہ اٹھایا جو اب ایک یا دو پیشگوئیوں کے سمجھ میں نہ آنے پر اعتراض کرنے کا استحقاق حاصل کر لیا خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ واذا بدلنا آیۃ مکان آیۃ واللہ اعلم بما ینزل قالوا انما انت مفتر بل اکثرھم لا یعلمون معترض اپنے آپ کو محتاط عدالت بیان کرتا ہے لیکن اسکو یہ معلوم نہیں کہ پوتے بھی بیٹوں کے حکم میں ہوتے ہیں وحلائل ابنائکم میں کیا پوتے کی بیوی دادا کے لئے جایز ہو سکتی ہے؟ صحیح بخاری میں بصراحت مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں قیصر و کسریٰ کی کنجیاں دی گئیں۔ حالانکہ حضرت نبیؐ کے ہاتھ سے مراد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک سپاہی کا ہاتھ تھا پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ میں سونے کے کڑے دیکھے جس سے مراد مسیلمہ کذاب و اسود عنسی تھے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں انکے ہلاک ہو جانے کا یقین تھا لیکن مسیلمہ حضور نبی کریم کی وفات کے بعد ہلاک ہوا۔ الغرض عظیم الشان پیشگوئیاں جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق تھیں اور کتب سابقہ میں ان کے ذکر تھے وہ سب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر پوری نہیں ہوئیں بلکہ بہت سی آپ کے جانشینوں کے ہاتھ پر پوری ہوئیں معترض کو چاہئے۔ ذرا صبر سے کام لے اور دیکھے کہ ہر ایک اعتراض کا کافی و وافی و شافی جواب انشاء اللہ تعالیٰ مفصل و مشرح طور پر ہماری جانب سے بار بار شایع ہو کر بیوقوفوں کے شکوک کا گرد و غبار دور کر کے عنقریب مطلع صاف کر دیگا۔ ہاں عناد اور ہٹ دھرمی کا کوئی علاج نہیں۔ ہدایت خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔ وہ جسکو چاہتا ہے عطا کرتا ہے:۔

مضمون کے اخیر میں خاکسار علیمردان قریشی نے مسلمان بھائیوں کی خدمت میں عاجزانہ طور سے التماس کیا ہے کہ للہ اپنے مسلمان بھائیوں کی نماز اور جنازہ میں علیحدہ نہ ہوں اور حضرت مسیحؑ کو زندہ رہنے دیں مجھکو علیمردان کی بیکسی پر رحم آتا ہے۔ کہ اس نے مسیح ناصری کے زندہ رکھنے کے لئے کیسی بیکسی اور مجبوری کیساتھ درخواست کی ہے مگر اسکی اس آرزو کا پورا ہونا محالات سے ہے۔ کیونکہ اگر مسیح موسوی زندہ ہوتے تو بیشک انکو زندہ رہنے دیتے لیکن جبکہ انکو فوت ہوئے تقریباً دو ہزار برس ہو چکے تو اب زندہ رہنے دینے کے کیا معنے! ہاں وہ یوں کہہ سکتا تھا کہ مسیح علیہ السلام کو زندہ کر دو۔ سو یہ بھی غیر ممکن اور مسلمان بھائیوں کی قدرت سے باہر ہے۔

خاکسار علیمردان کو چاہیے۔ کہ وہ مسیح موسوی کو زندہ کرنیکی فضول کوشش نہ کرے کیونکہ انکی وفات میں اسلام کی حیات ہے یہ نہ معلوم ہوا کہ علیمردان قریشی کو مسیح ناصری اور انکی حیات سے کیا خاص تعلق ہے حالانکہ اسکے نام کے ساتھ قریشی کا لفظ اس بات کو ظاہر کر رہا ہے کہ اسکو قریش کے سرتاج سردار انبیا سید الثقلین اور انکے مسیح یعنی مسیح محمدی سے خاص تعلق اور محبت ہونی چاہئے تھی۔ آہ! کیا سچ کہا ہے اس مسیح محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہ

| | |
|---|---|
| مسیح ناصری را تا قیامت زندہ می فہمند | مگر مدفون یثرب را ندادند ایں فضیلت را |
| زبوئے نافہ عرفان چو محروم ازل بودند | پسندیدند در شان شہ خلق ایں مذلت را |
| ہمہ عیسیٰ بُرا ازمقال خود مدد دادند | دلیری ہا پدید آمد پرستاران میت را |
| بخاک انگیزی شان برضیا خود ہمی سم | نہاں کے ماند آں نورے کہ حق بخشید فطرت را |
| کو ہا غالے شان بر خاطر من جتنی آرد | اگر صادق نزدلی بنود گر بینند قیامت را |

کیا اچھا ہو کہ علیمردان قریشی بجائے ناراض اور چیں بجبیں ہونے کے عقل و تدبر سے کام لے اور سچا پکا مسلمان بننے کیلئے بجائے مسیح ناصری کے مسیح محمدی کا دامن پکڑے۔ والسلام

راقمہ۔ اکبر شاہ خان نجیب آبادی

# دوسری قدرت

برادران۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہ تحریک خلیفۃ المسیح موعود حضرت مولوی نور الدین صاحب کے حکم سے کیجاتی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہر ایک جگہ جماعت کو الوصیت کے ذیل کے فقرات کی طرف توجہ دلائی جاوے

”سو اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلاوے سو اب ممکن نہیں کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے اسلئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اسکا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے۔ جسکا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا اور وہ دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں لیکن میں جب جاؤنگا۔ تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور وجود ہونگے جو دوسری قدرت کا مظہر ہونگے

**سو تم خدا کی قدرت ثانی کے انتظار میں اکٹھے ہو کر دعا کرتے رہو۔ اور چاہئے کہ ہر ایک صالحین کی جماعت ہر ایک ملک میں اکٹھے ہو کر دعا میں لگے رہیں تا دوسری قدرت آسمان سے نازل ہو“**۔ اس عبارت کے آخری الفاظ جن کو جلی قلم سے لکھا ہے۔ جماعت کی خاص توجہ کے قابل ہیں۔ ان الفاظ میں حضرت مسیح موعودؑ نے اسبات کو ضروری قرار دیا ہے بالفاظ دیگر اللہ تعالےٰ کے اس منشاء کو ظاہر فرمایا ہے کہ دوسری قدرت کے نزول کے لئے ہر ایک جگہ میں احباب اکٹھے ہو کر دعائیں کریں۔ اس حکم کی تعمیل کے لئے حضرت مولوی صاحب نے یہ اشارہ فرمایا ہے کہ جہاں ہمارے دوست ہیں۔ وہ ہر روز یا جسطرح ممکن ہو ایکدفعہ اکٹھے ملکر نماز میں یا نماز سے باہر اس موعود قدرت ثانی کے نزول کے لئے دعائیں کریں۔ بلکہ ایسے مقامات میں بھی جہاں کوئی دوست تنہا ہوں انہیں یہ کوشش کرنی چاہیے۔ کہ کسی دوسرے دوست کیساتھ جو قریب ہوں۔ ملکر دعائیں کریں۔ اکٹھے ہو کر دعا کرنا منشا الٰہی کے ماتحت خود وصیت میں حضرت اقدس نے لازمی قرار دیا ہے اور اس حکم کی تعمیل سب احباب پر فرض ہے۔

محمد علی۔ از قادیان

## انجمن احمدیہ ضلع کرنال

”خاص کرنال میں باقاعدہ طور پر انجمن احمدیہ قایم ہو گئی ہے۔ اسواسطے ضلع کرنال کے تمام احمدی احباب کی خدمت میں لکھا جاتا ہے کہ وہ چوہدری غلام مرتضیٰ صاحب میر مجلس انجمن احمدیہ کرنال کے ساتھ خط و کتابت کریں۔ اور اپنے شہر اور گاؤں میں ضلع کرنال کی انجمن احمدیہ کے ماتحت شاخیں قایم کریں اور اپنے سلسلہ کے تعلقات کو بڑھاویں۔ والسلام

اسسٹنٹ سکرٹری صدر انجمن احمدیہ قادیان

## اطلاع

سال رواں اور بقایاداران کے نام وی۔ پی جاری ہو گئے ہیں یہی اطلاع کافی ہے۔ مینیجر



www.aaiil.org

# کلمات طیبات حضرت امام الزمان

## سلمہ الرحمان ۲ مئی سنہ ۱۹۰۸ء بعد عصر

مسٹر محمد علی جعفری ایم۔اے وائس پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور کو جو حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں ملاقات کے واسطے حاضر ہوئے حضرت اقدس نے مخاطب کر کے فرمایا

میں جب مامور ہوا تھا۔ اور خدا نے اس سلسلہ کو بہت صاف طور سے قائم کیا کوئی شک و شبہ نہیں تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں اور قرآن شریف کے عین منشا کے مطابق اور ٹھیک وقت پر ظہور تھا۔ اور پھر صداقت دعوے کیساتھ خدائی نشان بھی تھے۔ تو مینے سب سے اول اس امر کو

گروہ علما کے پیش کیا؟

کیونکہ میرا خیال تھا کہ علما اس امر کو سب سے پہلے قبول کریں گے۔ میرا خیال تھا کہ یہ لوگ بوجہ علوم دینی سے واقفیت رکھنے کے بلا عذر مجھے قبول کر لیں گے کیونکہ میرا دعوے عین قرآن و حدیث کے مطابق اور ضرورت حقہ کے واسطے تھا۔ اور یہ لوگ خود انتظار میں تھے اور تحریراً تقریراً اپنے وعظوں اور لیکچروں میں کہا کرتے تھے کہ چودھویں صدی میں مسیح موعود کا آنا یقینی اور قطعی ہے اور علاوہ ازیں کل علامات جو یہ بیان کرتے تھے میری صداقت کے لئے ظاہر ہو چکی تھیں مگر ہماری وہ امید بالکل غلط نکلی۔ علماء کی طرف سے ہمیں اس دعوت کا جو جواب ملا سوا ایک فتویٰ تھا جس میں کافر۔ اکفر۔ ضال مضل۔ دائرہ اسلام سے خارج یہود اور نصاریٰ سے بدتر قرار دیا۔ اور لکھا گیا کہ ان لوگوں کو اپنی قبروں میں داخل نہ کیا جائے۔ انکے جنازے نہ پڑھے جاویں ان کے ساتھ ملاقات نہ کی جاوے۔ ان سے مصافحہ نہ کیا جائے۔ حتیٰ کہ یہاں تک تشدد کیا کہ جو ان سے میل جول رکھیگا وہ بھی انہی میں سے ہوگا۔

پھر ان لوگوں سے یہ جواب پا کر ہمیں خیال آیا کہ تعلیم یافتہ لوگ عموماً بے تعصب اور عناد سے پاک ہوتے ہیں۔ لہٰذا اسی خیال سے ہم نے پھر اپنی

دعوت نئے تعلیم یافتہ گروہ کے پیش کی

مگر ان میں سے اکثر کو بے قید پایا۔ اور اکثر کو دیکھا کہ وہ خود اسلام میں ترمیم کرنا چاہتے ہیں۔ اور ان کا یہ خیال ہے کہ اسلام کی تعلیم ایک جاہلانہ اور وحشیانہ زمانہ کی تعلیم تھی۔ اب اس کی ضرورت نہیں۔ اب اس سے فراغت حاصل کرنی چاہیئے۔ اور زمانہ کی رفتار کے مناسب حال ترمیم کر لینی چاہیئے۔ غرض اس طرح سے اس قوم کے لوگوں سے بھی محرومی ہی ہوئی۔ الا ماشاء اللہ:۔

پھر رؤسا کے گروہ کی طرف اپنی دعوت بھیجی کہ ان کو دنیا کا حصہ دیا جاتا ہے اور یہ سیدھے سادھے مسلمان ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان میں سے ایک شخص صدیق حسن خان نے ہماری کتاب براہین احمدیہ کو چاک کر کے واپس بھیج دیا۔ اور اسطرح سے اپنی قساوت قلبی کا اظہار کیا۔ ان کے بعد ہمنے سمجھا۔ کہ سعادت ہمیشہ ضعفا ہی کا حصہ ہوتی ہے۔ چنانچہ ہمارا یہ خیال بالکل درست نکلا۔ اور سنت قدیمہ کے بموجب ضعفا ہی اکثر ہمارے ساتھ ہوئے۔ جنکو نہ مولویت کا گھمنڈ اور نہ دولت کا تکبر بلکہ بالکل سادہ لوح اور پاک نفس ہوتے ہیں۔ اور وہی خدا کے بھی مقرب ہوتے ہیں۔ چنانچہ اسی گروہ میں سے کئی لاکھ انسان اب ہمارے ساتھ ہیں:۔

ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی جب نبوت کا خلعت خدا سے پا کر دعوت اسلام کے خط بادشاہوں کو لکھے تھے تو ان میں سے ہرقل قیصر روم کے نام بھی ایک خط لکھا تھا۔ اسنے خط پڑھ کر کسی عرب کی جو آپ کی قوم کا ہو تلاش کرائی چنانچہ چند قریشی جن میں ابو سفیان بھی تھا پیش خدمت کئے گئے۔ اس بادشاہ نے چند سوال کئے۔ جن میں یہ بھی تھے کہ اس شخص کے آبا و اجداد میں سے کبھی کسی نے نبوت کا دعویٰ تو نہیں کیا؟ جس کا جواب نفی میں دیا گیا پھر پوچھا گیا کہ کوئی بادشاہ تو نہیں گزرا اسکے بزرگوں میں؟ اس کا جواب بھی نفی میں دیا گیا۔ پھر یہ سوال کیا کہ اس شخص کے پیرو کون لوگ ہیں اسکے جواب میں کہا گیا۔ کہ اس کی

پیروی کرنیوالے غریب اور کمزور لوگ ہیں

پھر اس نے دریافت کیا کہ لڑائیوں میں کیا نتیجہ نکلتا ہے جواب دیا گیا کہ کبھی وہ فتح پاتا ہے۔ اور کبھی ہم کامیاب ہوتے ہیں۔ ان سوالات کے جوابات سن کر قیصر نے اقرار کیا کہ انبیاء ہمیشہ دنیا میں اسی شان میں آیا کرتے ہیں۔ انکے ساتھ اول میں ہمیشہ کمزور اور ضعیف لوگ ہی شامل ہوا کرتے ہیں۔ اس شخص نے اپنی فراست صحیحہ سے معلوم کر لیا۔ کہ واقعی یہ شخص سچا نبی ہے۔ اور یہ وہی نبی ہے جس کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ چنانچہ اس نے یہ بھی کہا وہ وقت قریب ہے کہ وہ میرے تخت کا بھی مالک ہو جاویگا:۔

غرض یہ سنت قدیمہ ہے۔ کہ انبیاء کا ساتھ دینے والے ہمیشہ کمزور اور ضعیف لوگ ہی ہوا کرتے ہیں بڑے بڑے لوگ اس سعادت سے محروم ہی رہا کرتے ہیں ان کے دلوں میں طرح طرح کے خیالات آتے ہیں اور وہ اپنے آپ کو ان باتوں سے پہلے ہی فارغ التحصیل سمجھ بیٹھے ہوتے ہیں۔ وہ اپنی بڑائی اور پوشیدہ کبر اور شیخیت کی وجہ سے ایسے حلقہ میں بیٹھنا بھی ہتک اور باعث ننگ و عار جانتے ہیں۔ جس میں

غریب مگر مخلص کمزور مگر خدا کے پیارے

لوگ جمع ہوتے ہیں۔ میں دیکھتا ہوں۔ کہ صدہا لوگ ایسے بھی ہماری جماعت میں داخل ہیں۔ جن کے بدن پر مشکل سے لباس بھی ہوتا ہے۔ مشکل سے چادر یا پاجامہ بھی ان کو میسر آتا ہے۔ ان کی کوئی جائداد نہیں۔ مگر ان کے لا انتہا اخلاص اور ارادت سے محبت اور وفا سے طبیعت میں ایک حیرانی اور تعجب پیدا ہوتا ہے۔ جو ان سے وقتاً فوقتاً صادر ہوتا رہتا ہے۔ یا جس کے آثار ان کے چہروں سے عیاں ہوتے ہیں۔ وہ اپنے ایمان کے ایسے پکے اور یقین کے ایسے سچے اور صدق و ثبات کے ایسے مخلص اور باوفا ہوتے ہیں۔ کہ اگر ان مال و دولت کے بندوں اس دنیوی لذت کے دلدادوں کو اس لذت کا علم ہو جائے۔ تو اسکے بدلے میں یہ سب کچھ دینے کو تیار ہو جاویں۔ ان میں سے شامل کے طور پر ایک شخص

شاہزادہ مولوی عبد اللطیف صاحب مرحوم

ہی کے حالات کو غور سے دیکھ لو کہ کیسا صدق کا پکا اور وفا کا سچا تھا۔ جان تک سے دریغ نہیں کیا۔ جان دیدی مگر حق کو نہیں چھوڑا۔ ان کی جب خبر کی گئی۔ اور ان کو امیر کے روبرو پیش کیا گیا تو امیر نے ان سے یہی پوچھا۔ کہ کیا تم نے ایسے شخص کی بیعت کی ہے؟ تو اسنے چونکہ وہ ایک راستباز انسان تھا۔ صاف کہا کہ "ہاں میں نے بیعت کی ہے۔ مگر تقلیداً اندھا دھند بلکہ علی وجہ البصیرت اس کی اتباع اختیار کی ہے۔ میں نے دنیا بھر میں اسکی مانند کوئی شخص نہیں دیکھا مجھے اس سے الگ ہونے سے اس کی راہ میں جان دیدینا بہتر ہے۔ غرض مرحوم اس بات کا ایک نمونہ چھوڑ گئے ہیں کہ ہمارے تعلق رکھنے والے کیسے صادق الایمان اور صادق الاعتقاد ہیں:۔

اصل بات یہ ہے کہ مشکلات صرف یہی ہیں۔ کہ لوگوں کو امور دینی میں تدبر کرنا اور خدا سے ڈر کر کسی معاملہ پر غور کرنا اور حق و باطل میں امتیاز چاہنا اور یہ تڑپ رکھنا کہ آیا یہ سلسلہ خدا کی طرف سے ہے یا نہیں اس طرف توجہ ہی نہیں مگر یاد رہو کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فعل عبث نہیں۔ بلکہ اس نے حق و حکمت سے سلسلہ قائم کیا ہے اور ضرورت حقہ کے وقت اسکو کھڑا کیا ہے۔ پس وہ

# حضرت مرزا صاحب قادیانی کی اسلامی خدمات

"ہنر بچشم عداوت بزرگتر عیبیست"

اولیاء اللہ کی مخالفت سلب ایمان کا موجب تو ہوتی ہی ہے مگر ایسے مخالفوں کو رفتہ رفتہ عام انسانی اخلاق سے بھی گرا دیتی ہے۔ یہی حال امرتسری منکر مولوی ثناء اللہ صاحب کا ہے جنہوں نے ۱۳ جون ۱۹۰۸ء کے وکیل میں حضرت مرزا صاحب کی اسلامی خدمات پر بحث کرتے ہوئے اپنے مخفی کینہ کا ثبوت دیا ہے اسلئے کہ حضرت مسیح موعودؑ کی اسلامی خدمات ایک ایسا روشن اور بین پہلو آپ کی زندگی کا ہے جس پر ہمیں بحث کی حاجت نہ تھی۔ اور دوست دشمن نے ان خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ مگر مولوی ثناء اللہ نے ان خدمات کا سرے سے انکار کیا ہے۔ شاید یہ انکار اس بنا پر ہو کہ انکے مذہب میں جھوٹ بول کر بھی انسان منتقی رہتا ہے میں اس مضمون پر تفصیلی بحث حضرت اقدس کی اسلامی خدمات پر نہیں کرونگا۔ کیونکہ شاید اخبار وکیل کے صفحات اس لمبے مضمون کی برداشت نہ کر سکیں اس لئے نہایت مختصر طریق پر مولوی ثناء اللہ کا جواب دونگا مولوی صاحب لکھتے ہیں۔ کہ

"ہم سے کوئی پوچھے تو ہم خدا لگتی کہنے کو (طیار ہیں) کہ سال نہ ہوسکے تو مرزا صاحب کی کل کتابیں سمندر برد نہیں کسی جلتے تنور میں جھونک دیں۔ اسی پر بس نہیں بلکہ آئندہ کوئی مسلم یا غیر مسلم مورخ "تاریخ ہند" یا "تاریخ اسلام" انکا نام تک نہ لے"

مولوی صاحب کے اس مشورہ پر کوئی کاربند ہوگا۔ یا نہیں۔ اسکا فیصلہ تاریخ خود کرے گی اور دیکھنے والے دیکھیں گے اور سننے والے سنینگے کہ کن کتابوں اور کتابوں والوں کا نام و نشان مٹتا ہے۔ اور کن کو شہرت عوام اور بقائے دوام کا تاج پہنایا جاتا ہے مگر میں مولوی ثناء اللہ صاحب کی خدمت میں یہ کہنے سے رک نہیں سکتا کہ اگر اسمیں کچھ بھی غیرت اور حمیت ہے۔ اور وہ ان اشتہارات کا صحیح اور سچا مصداق نہیں جو اسکی شان میں امرتسر کے رہنے والوں نے اسکی اصلیت اور پاکیزہ زندگی کے اظہار کے لئے شایع کئے تھے تو اسے چاہئے۔ کہ جہاں تک اسکے لئے ممکن ہو۔ وہ کتابوں کے تلف کرنے کے لئے اپنے اگلے اور پچھلوں اور تمام حمایتوں اور پشت ٹھونکنے والوں کو ساتھ ملا کر زور لگائے اور پھر دیکھے کہ

### یدِ قدرت اسکو کیا دکھاتا ہے؟

ثناء اللہ نے اپنے اس آرٹیکل میں حضرت مرزا صاحب کی اسلامی خدمات کا سرے سے انکار کیا ہے بحالیکہ اسکی اپنی تصانیف حضرت اقدس کا پس خوردہ ثابت ہوتی ہیں۔ تاہم میں اس بحث میں نہ پڑ کر حضرت اقدس کی اسلامی خدمات پر اسکے اباجان (روحانی باپ مراد ہے) کی رائے لکھتا ہوں۔ شاید اسے سمجھ آجاوے۔ اگرچہ وہ ایسا خلف الرشید ہے۔ کہ اسکی بات بھی ماننے والا نہیں۔ تاہم پڑھنے والوں کو پتہ لگ جائیگا۔ ناظرین شاید مولوی ثناء اللہ کے روحانی باپ کے نام کو نہ سمجھ سکیں اسلئے میں اسکو حل کر دیتا ہوں۔ اس سے مراد مولوی ابو سعید محمد حسین بٹالوی ہے مولوی محمد حسین صاحب کو خود مولوی ثناء اللہ لاٹ مولوی لکھا کرتا ہے اور مولوی محمد حسین صاحب اپنے آپ کو مولوی ثناء اللہ کا روحانی باپ لکھا کرتا ہے۔ اسی نکتہ خیال سے میں مولوی محمد حسین صاحب کی رائے لکھتا ہوں۔ دیکھو ریویو براہین احمدیہ اشاعۃ السنہ نمبر ۶ و ۷ ۱۸۸۴ء

"ہماری رائے میں یہ کتاب اس زمانہ میں اور موجودہ حالت کی نظر سے ایسی کتاب ہے۔ جسکی نظیر آج تک اسلام میں تالیف نہیں ہوئی۔ اور آئندہ کی خبر نہیں لعل اللہ یحدث بعد ذالک امرا اور اسکا مولف بھی اسلام کی مالی۔ جانی۔ قلمی۔ لسانی۔ حالی وقالی نصرت میں ایسا ثابت قدم نکلا ہے جسکی نظیر پہلے مسلمانوں میں بہت ہی کم پائی گئی ہے۔ ہمارے الفاظ کو کوئی ایشیائی مبالغہ سمجھے تو ہمکو کم سے کم ایسی کتاب بتادے جسمیں جملہ فرقہ ہائے مخالفین اسلام خصوصاً فرقہ آریہ و برہم سماج سے اس زور شور سے مقابلہ پایا جاتا ہے۔ اور دو چار ایسے اشخاص انصار اسلام کی نشاندہی کرے جنہوں نے اسلام کی نصرت میں مالی جانی وقلمی لسانی کے علاوہ حالی نصرت کا بیڑا بھی اٹھا لیا ہو اور مخالفین اسلام اور منکرین الہام کے مقابلہ میں مردانہ تحدی کیساتھ یہ دعوے کیا ہو کہ جسکو وجود الہام کا شک ہو وہ ہمارے پاس آکر تجربہ و مشاہدہ کرے اور اس تجربہ اور مشاہدہ کا اقوام غیر کو مزہ بھی چکھا دیا ہو مگر افسوس صد افسوس سب سے پہلے اس کتاب کی خوبی و بحق اسلام نفع رسانی سے بعض مسلمانوں ہی نے انکار کیا ہے اور بر طبق انجعلون رزقکم انکم تکذبون اس احسان مولف کے مقابلہ میں کفران کر دکھایا ہے" یہ رائے ثناء اللہ کے روحانی باپ کی ہے۔ چونکہ مجھے ثناء اللہ کے حقیقی والد کا پتہ نہ تھا۔ اور ان کی رائے کا علم نہیں اور شاید ان کی رائے اس معاملہ میں کافی بھی نہ ہوتی۔ اسلئے مولوی محمد حسین صاحب کی رائے بہتر ہی رائے ہے اب اسکے بعد حضرت مرزا صاحب کی اسلامی خدمات کا انکار

### ماذا بعد الحق الا الضلال

اسلامی خدمات کا ایک اور پہلو بھی ہے اور وہ پہلو مسلمانوں کی معاملات میں بہترین رہنمائی ہے اسکے متعلق میں ایک اسلامی لیڈر کی رائے لکھنی ضروری سمجھتا ہوں جنکا فوٹو خود ثناء اللہ نے کیا ہے۔ یعنی

### آنریبل سر سید احمد خان

حضرت مرزا صاحب نے ۲۵ جون ۱۸۹۷ء کو ایک اشتہار گورنمنٹ انگلشیہ کے متعلق شایع کیا تھا اسکو سید صاحب نے اپنے اخبار علیگڈہ انسٹیٹیوٹ گزٹ مع تہذیب الاخلاق ۲۴ جولائی ۱۸۹۷ء میں نقل کرتے ہوئے لکھا ہے "ہمارے نزدیک ہر ایک مسلمان کو جو گورنمنٹ انگریزی کی رعیت ہے ایسا ہی ہونا چاہئے۔ جیسا مرزا صاحب نے لکھا ہے" سید صاحب نے اپنی اس رائے کے اظہار میں مسلمانوں کیلئے گورنمنٹ انگریزی کے ساتھ اپنے تعلقات کے طریق کے لئے حضرت مرزا صاحب کا اسوہ قابل تقلید بتایا ہے اور اسلامی خدمات غرضیکہ ہر رنگ میں جو کی ہیں ان کے لئے ثناء اللہ کے روحانی باپ کی شہادت پہلے دی جا چکی ہے اگر اسپر بھی ثناء اللہ کی تسلی نہ ہوئی۔ تو نیزۂ قلم سے اور کام لیا جاویگا۔ (انشاء اللہ)

# دار الامان کا ہفتہ

۱۔ حضرت خلیفۃ المسیح نے وفات مسیح موعود پر ایک مختصر سا پمفلٹ لکھا ہے جو اصولی طور پر ان تمام اعتراضات کا جواب ہے جو حضرت مسیح موعود کی وفات پر کئے جاتے ہیں یہ پمفلٹ الگ بھی شایع ہوگا اور ریویو کے ساتھ بھی۔

۲۔ فاضل امروہی نے بھی ایک قابل آرٹیکل لکھا ہے جسکا عنوان ہے۔ حیات الانبیاء فی وفات الانبیاء۔ یہ آرٹیکل بھی ریویو کے ساتھ شایع ہوگا

۳۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اہل بیت اللہ تعالیٰ کے فضل کرم سے تندرست ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی رضا بالقضا کے ساتھ پوری مسالمت اور صبر کا عملی نمونہ دکھارہے ہیں۔

۴۔ مختلف جگہ سے احباب آتے اور داخل بیعت ہوتے ہیں۔ اللھم زد فزد

### آمین